# اخبار الجامعہ

ثنار اللہ ثنار

☆ ...... تعمیر مساجد و آباد کار:۔

مسلمان معاشروں کی تکمیل مسجد کے بغیر ادھوری اور نامکمل ہے۔ مسلمان فرد کی تربیت اور جملہ امورِ زندگی کی انجام دہی کے لئے مسجد بنیادی کردار کا حامل ادارہ ہے۔ یہ صرف عبادت خانہ ہی نہیں بلکہ مسلمانوں کی اجتماعیت کو پروان چڑھانے اور برقرار رکھنے کا متحرک، محفوظ اور نتیجہ خیز مرکز بھی ہے۔ مساجد جب جب بھی آباد ہوئے گھر، محلہ اور معاشرہ پر اس کے مثبت اور اُمید افزاء اثرات مرتب ہوئے یہی وجہ ہے کہ مسلمان معاشروں میں مساجد کی تعمیر و آباد کاری پر خصوصی توجہ دی جاتی ہے۔

مسجد کی ایسی ہی اہمیت کے حامل کردار کی بناء پر حضرت مولینا سید نصیب علی شاہ اس ادارے کی ترقی و تعمیر کے لئے زندگی بھر کوشاں رہے۔ اور تادمِ واپسیں اس کام میں تلے رہے۔ ان کے جانے کے بعد ان کے لائق فرزند مولانا سید نسیم علی شاہ بھی اپنے عظیم والد کے نقشِ قدم پر چلنے اور مساجد کی تعمیر کے لئے متحرک رہے ہیں۔

حالیہ دنوں میں اصحاب خیر کے تعاون سے قریبی آبادیوں میں تین نئے مساجد پر کام کا آغاز کیا گیا جس میں نار جعفر خان ،کوٹکہ ملک دِلی خان اور بنوچی ممہ خیل شامل ہیں۔ تینوں مقامات پر اہلِ علاقہ خوش و انبساط اور اطمینان کا اظہار کیا۔

☆ ...... رمضان المبارک رحمتوں، برکتوں، مغفرت اور حصولِ ثواب کا مہینہ ہے۔ اس مہینے میں اعمال کی قدر و قیمت بڑھ جاتی ہے۔ روزے کا بنیادی مقصد اللہ تبارک و تعالیٰ نے تقویٰ کو بیان کیا ہے۔ اور متقی فرد جو اپنے لئے پسند کرتا ہے۔ وہ دوسروں کے لئے بھی پسند کرتا ہے۔ غرباء و فقراء پروری اسلام کے بنیادی تعلیمات کے مظاہر ہیں۔ رمضان میں اس کی اہمیت دو چند ہو جاتی ہے۔ فرمانِ رسول صلی اللہ علیہ والہ وسلم کے مطابق کسی مسلمان کو روزہ افطار کرانے کا ثواب ایسا ہے جتنا کہ خود روزہ دار کو ملتا ہے۔

چونکہ مسلمان معاشرہ میں دیندار اہلِ خیر حضرات رمضان میں اپنی اپنی تجوریوں کے منہ کھول کر فقراء مساکین کی دعائیں سمیٹ لینے کی کوشش کرتے ہیں اسی جذبے کی تکمیل میں اب کے بار بھی رمضان المبارک میں پورا مہینہ حضرت شاہ صاحب مرحوم کا بچھایا ہوا دستر خوان بچھا رہا۔ اس دستر خوان کے انتظام و انصرام میں انٹرنیشنل اسلامک ریلیف فاونڈیشن سعودی عرب نے معاونت کی۔ مرکزی کیمپس کے علاوہ قرب و جوار کے آٹھ مقامات پر بھی غرباء پروری کا یہ سکون بخش منظر دیکھنے کو ملا۔

☆ ...... ضلع بنوں میں بعض مقامات پر حالیہ مون سون کی بارشیں کچھ زیادہ ہی ہوئیں اور غریب عوام کی کھڑی فصلیں بارشوں کی نذر ہوگئیں۔ اس سلسلے میں علاقہ ڈومیل کے کئی دیہات کچھ زیادہ ہی متاثر ہوئے۔ متاثرین کی امداد کے لئے رفاہی تنظیموں کے ساتھ مہتمم جامعہ مولانا سید نسیم علی شاہ نے بھی حصہ لیا۔ اور ایک ٹرک (گاڑی) آٹا متاثرین میں مفت تقسیم کیا۔ جس کے لئے اہل علاقہ نے جامعہ کو اپنی خصوصی دعاؤں میں شامل رکھا۔ اور تشکر امیز جذبات واحساسات کا اظہار کیا۔

☆ ...... جیسا کہ قارئین کرام جامعہ المرکز الاسلامی کی جاری خدمات سے آگاہی رکھتے ہیں۔ بنوں اور گردو پیش کے اضلاع کے ہزاروں یتیم اور بے سہارا خاندانوں کی کفالت ومعاونت جامعہ کا دیرینہ وظیفہ ہے یتیموں کی پرورش، تعلیم، تربیت اور کفالت کے لئے جامعہ کے زیر نگرانی خصوصی شعبہ بنام ''دارِالمحبہ للا یتام'' عرصہ سے کام کر رہا ہے۔ گذشتہ دنوں اس شعبے کے ذریعے قطر کے تنظیم ''قطر چیریٹی آرگنائزیشن'' کی معاونت سے ایک صد کے قریب بے سہارا خاندانوں اور یتیموں میں لاکھوں روپوں کے کے چیک تقسیم کیے گئے۔ بیوہ گان اور بچے جامعہ کے مہتمم سید نسیم علی شاہ کو دعائیں دیتے رہے۔

☆ ...... المرکز کے جملہ دینی تعلیمی شعبہ جات تخصص فی الفقہ ولافتاء، درس نظامی بین، درس نظامی بنات حفظ وتجوید کے لئے چناؤ اور داخلہ کا عمل تکمیل کو پہنچا۔ جملہ شعبہ جات میں داخلہ کے لئے طلبہ کی ایک کثیر تعداد نے درخواستیں دیں۔ ٹیسٹ میں کامیاب امیدواروں کو داخلہ دیا گیا۔ داخل شدہ طلبہ کو قیام، طعام اور درسی کتب کی فراہمی جامعہ نے اپنے ذمہ لیا ہے۔ اور داخل شدہ طلبہ جامعہ کی سہولیات سے استفادہ کرتے ہوئے حصولِ علم نبوی ﷺ کے لئے آمادہ ہوگئے ہیں۔ 21 ستمبر کو جملہ شعبہ جات کے اسباق افتتاح ایک پروقار تقریب میں ہوا۔ شیخ الحدیث مولانا اختر جان صاحب نے باقاعدہ بخاری شریف کے ابتدائی حدیث نبوی ﷺ کا درس دیا۔

شیخ الحدیث اور سابقہ ایم پی اے KPK مولانا عبدالرزاق مجددی اس تقریب کے مہمان خصوصی رہے۔ انہوں نے طلبہ کو نصیحت اموز باتیں کیں۔ ناظم مدرسہ مولانا محمد نواز بنوی صاحب نے پروگرام کی نظامت سنبھالے رکھی اور ساتھ ہی ساتھ مدرسہ میں قیام کے لئے قواعد وضوابط اور نظم ونسق پر روشنی ڈالی۔

دعا سے قبل مہتمم جامعہ مولانا سید نسیم علی شاہ مدظلہ نے خطاب کیا۔ اساتذہ واراکین جامعہ کے تعاون کو سراہا اور علم نبوی ﷺ کے اشاعت وترویج کے لئے اپنے عزم کا اظہار کیا۔

☆ ...... طلبہ کی بڑھتی ہوئی میلان اور رجوع کے پیشِ نظر جامعہ کے مرکزی کیمپس میں درسِ نظامی بنین کے تمام درجات کے انتظام میں مشکلات کا سامنا تھا۔ مجبوراً ابتدائی چند درجات میں داخلہ نہیں دیا جارہا تھا۔ ابتدائی درجات کے لئے منتظمین مدرسہ فکر مند رہے۔ مشاورت کے بعد جامع مسجد نیو سبزی منڈی بنوں شہر میں المرکز الاسلامی کے زیر نگرانی ابتدائی

درجات کے لئے معہد العلوم الاسلامیہ الابتدائیہ کا آغاز کیا گیا۔ جامعہ کے اس شاخ میں اعلیٰ استعداد کے حامل اساتذہ کا تقرر کیا گیا ہے اور ذہین طلبہ کے انتخاب کا عمل پایہ تکمیل کو پہنچا ہے۔ اس طرح یہ مرکز جامعہ کی نرسری کا کام بھی دے گا اور علاقہ کی ضرورت بھی پوری ہوگی۔ نیز یہاں طلبہ کی اس نہج پر تربیت کی جائے گی۔ کہ وہ عربی اردو زباندانی پر عبور رکھتے ہوں گے۔ تاکہ فراغت کے بعد اپنی علم کا ابلاغ بھی بطورِ احسن کرسکیں۔

☆ ...... درجہ تکمیل کا اجراء:۔

طلبہ کا دیرینہ مطالبہ پورا کیا گیا۔ اور جامعہ میں طرزِ قدیم پر درجہ تکمیل کا اجراء کیا گیا۔ اس درجے کا اوّلین مقصد مستقبل میں درسِ نظامی کے اہلِ فن اساتذہ کا پیدا کرنا ہے۔ تکمیل کی افادیت سے انکار نہیں کیا جاسکتا۔ امید ہے یہ شعبہ اپنے مقاصد کے حصول میں کامیاب ہوگا۔

-----☆☆☆☆☆☆-----


## اعلان خاص

احباب کے پرزور مطالبے پر ادارہ نے "المباحث الاسلامیہ" اُردو سہ ماہی میں اب تک شائع شدہ جملہ گراں قدر مقالات ومضامین کے عنوانات پر مشتمل فہرست بنام "فهارس المباحث الاسلامیہ" از جلد نمبر ا، شمارہ نمبر ا تا جلد نمبر ۸، شمارہ نمبر ۴ شائع کرلی ہے۔

علماء کرام، سکالرز صاحبان اور مفتیانِ عظام اور دیگر شائقین کو اب المباحث کے تمام صفحات چھاننے کی بجائے ایک نظر میں اپنا مطلوبہ مواد ڈھونڈنے میں سہولت رہے گی۔

فقط: ۱۵ روپے ڈاک خرچ کی مد میں ۱۵ روپے (پندرہ روپے) کے ڈاک ٹکٹ بھیج کر بذریعہ ڈاک فہرستیں مفت حاصل کریں۔

رابطہ نمبر: 0302:3524251 از ادارہ......